प्रश्न पुस्तिका क्रमांक / Question Booklet Serial No. 103-

# SECONDARY SCHOOL EXAMINATION - 2023

# माध्यमिक स्कूल परीक्षा - 2023

**(ANNUAL/वार्षिक)**

प्रश्न पुस्तिका सेट कोड
Question Booklet Set Code
**B**

विषय कोड :
Subject Code : **103**

# URDU (MT)

कुल प्रश्न : 100 + 4 = 104

**Total Questions : 100 + 4 = 104**

कुल मुद्रित पृष्ठ : 32

**Total Printed Pages : 32**

(समय : 3 घंटे 15 मिनट)

[ Time : 3 Hours 15 Minutes ]

( पूर्णांक : 100)

[ Full Marks : 100]

---

***Instructions for the candidates :***

1. ***Candidates must enter his / her Question Booklet Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.***
2. *Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*
3. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
4. *15 minutes of extra time have been allotted for the candidates to read the questions carefully.*
5. *This question booklet is divided into two Sections.* ***Section-A*** *and* ***Section-B****.*



by: BSEBResult.In

**B**

6. In **Section-A**, there are **100 objective type questions**, out of which **any 50 questions are to be answered**. If more than 50 questions are answered, then only first 50 will be evaluated. Each question carries **1 mark. For** answering these darken the circle with **blue/black ball pen** against the correct option on **OMR** Answer Sheet provided to you. **Do not use whitener/liquid/blade/nail etc. on OMR Answer sheet, otherewise the result will be treated invalid.**
7. In **Section-B**, there are **4 short answer and long answer type questions.** Marks indicate left side against each questions.
8. Use of any electronic appliances is strictly prohibited.

**ہدایات :**

1. امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔
2. امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔
3. بائیں طرف حاشیے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔
4. سوالات پڑھنے کے لیے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔
5. یہ سوالیہ کتابچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ سیکشن – A اور سیکشن – B۔
6. سیکشن – A میں 100 معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ان کا جواب دینے کے لئے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ OMR جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا۔
7. سیکشن–B میں 4 مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیے بائیں جانب مارکس درج ہیں۔
8. کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔





by: BSEBResult.In

## SECTION - A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ کے جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے : $50 \times 1 = 50$

1. عرفان صدیقی کا اصل نام کیا تھا ؟

(A) عرفان احمد صدیقی (B) غفران احمد صدیقی

(C) عمران احمد صدیقی (D) فرقان احمد صدیقی

by: BSEBResult.In

2. ملازمت کے بعد عرفان صدیقی کہاں سکونت پذیر ہوئے ؟

(A) الٰہ آباد (B) لکھنؤ

(C) مرادآباد (D) فرخ آباد

3. شامل نصاب 'دوہے' کے شاعر کون ہیں ؟

(A) فراق گورکھپوری (B) اختر گورکھپوری

(C) ظفر گورکھپوری (D) حسن گورکھپوری



by: BSEBResult.In

 **B**

4. 'سچائیاں' ظفر گورکھپوری کا کیسا مجموعہ ہے ؟

(A) اخلاقی (B) بچوں کے لئے

(C) مذہبی (D) سیاسی

5. سلام مچھلی شہری بنیادی طور پر کس صنف کے شاعر تھے ؟

(A) گیت (B) دوہے

(C) غزل (D) مرثیہ

by: BSEBResult.In

6. اردو کس تہذیب کی زبان ہے ؟

(A) مشترکہ تہذیب (B) دکنی تہذیب

(C) مغربی تہذیب (D) بنگلہ تہذیب

7. گوپی ناتھ کیا تھا ؟

(A) اخبار کا مدیر (B) شاعر

(C) افسانہ نگار (D) معلم



by: BSEBResult.In

**B**

8. زواترک کے کنارے کس زبان کی کہانی ہے ؟

(A) آسامی
(B) بنگلہ
(C) گجراتی
(D) ملیالم

9. کرناٹک کی زبان کیا ہے ؟

(A) کنڑ
(B) پنجابی
(C) گجراتی
(D) آسامی

by: BSEBResult.In

10. بنگلہ زبان کس صوبہ میں بولی جاتی ہے ؟

(A) آسام
(B) بنگال
(C) اڑیسہ
(D) پنجاب

11. ان میں سے کون سی کتاب شبنم کمالی کی نہیں ہے ؟

(A) انوار عقیدت
(B) گلدستہ عقیدت
(C) ریاض عقیدت
(D) فردوس عقیدت



by: BSEBResult.In

**B**

12. صاحب عقل وفہم کو کس کی ذات پر ناز ہے ؟

(A) خدا کی
(B) رسول کی
(C) امام کی
(D) بزرگان دین کی

13. شبنم کمالی کا اصل نام کیا ہے ؟

(A) حسن رضا
(B) احسن رضا
(C) مصطفےٰ رضا
(D) احمد رضا

by: BSEBResult.In

14. زکیہ سلطانہ نیّر کے شوہر کیا تھے ؟

(A) وکیل
(B) ڈاکٹر
(C) سائنس داں
(D) سیاست داں

15. سہیل عظیم آبادی کا گھریلو ماحول کیسا تھا ؟

(A) زمیندارانہ
(B) تاجرانہ
(C) علم و ادب
(D) مذہبی



by: BSEBResult.In

B

16. ترقی پسند تحریک کا آغاز کب ہوا ؟

(A) 1926ء

(B) 1936ء

(C) 1946ء

(D) 1956ء

17. افسانہ 'فرار' کس نوعیت کا افسانہ ہے ؟

(A) رومانی

(B) تاریخی

(C) نفسیاتی

(D) جاسوسی

by: BSEBResult.In

18. ڈاکٹر محمد محسن کے افسانوی مجموعہ کا کیا نام ہے ؟

(A) چار چہرے

(B) انوکھی مسکراہٹ

(C) اجنبی چہرے

(D) چارہ گر

19. 'نفسیاتی زاویے' کس طرح کا مجموعہ ہے ؟

(A) رومانی مضامین

(B) تاریخی مضامین

(C) نفسیاتی مضامین

(D) ظریفانہ مضامین



by: BSEBResult.In

B

20. افسانہ 'کٹی ہوئی شاخ' کے افسانہ نگار کون ہیں ؟

(A) قمر جہاں

(B) سہیل عظیم آبادی

(C) نگار عظیم

(D) جیلانی بانو

by: BSEBResult.In

21. 'پانی بھرنا' سے کیا مراد ہے ؟

(A) امید ختم ہونا

(B) امید ہونا

(C) پانی ختم ہونا

(D) پانی بھرنا

22. جملہ مکمل کیجیے:

میں قرآن پڑھتا..............

(A) ہوں

(B) تھا

(C) ہو

(D) ہے





by: BSEBResult.In

B

23. "وہ جا رہا ہے۔" کون صیغہ ہے ؟

(A) واحد غائب (B) جمع غائب

(C) واحد حاضر (D) جمع حاضر

24. سابقہ تلاش کیجئے :

(A) خردمند (B) دانش مند

(C) شفاخانہ (D) ذی شعور

by: BSEBResult.In

25. حمد کا مترادف کیا ہوگا ؟

(A) ثنا (B) نعت

(C) عقیدت (D) بندگی

26. ذیل میں اسم نکرہ کون ہے ؟

(A) پٹنہ (B) گیا

(C) مظفر پور (D) شہر



by: BSEBResult.In

**B**

27. "گھر جاؤ" کون سا جملہ ہے ؟

(A) امریہ

(B) ندائیہ

(C) فجائیہ

(D) سوالیہ

28. "کاشف کھیل رہا ہے۔" اس جملہ میں کاشف کیا ہے ؟

(A) فعل

(B) فاعل

(C) مفعول

(D) فعل ناقص

by: BSEBResult.In

29. ماضی بعید کی مثال کون ہے ؟

(A) وہ آیا ہوگا

(B) وہ آئے تھے

(C) وہ آیا تھا

(D) وہ آچکا ہے

30. درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے ؟

(A) رحمت

(B) صحت

(C) جہنم

(D) جنت





by: BSEBResult.In

**B**

31. اردو کی پہلی مثنوی کا نام بتائیے ؟

(A) سحرالبیان
(B) زہرِ عشق
(C) فریبِ عشق
(D) کدم راؤ پدم راؤ

32. بکاؤلی کا محبوب کون تھا ؟

(A) تاج الملوک
(B) زین الملوک
(C) مین الملوک
(D) نظیر الملوک

by: BSEBResult.In

33. نسیم کی مشہور مثنوی کا نام کیا ہے ؟

(A) سحرالبیان
(B) گلزارِ نسیم
(C) سوزِ عشق
(D) زہرِ عشق

34. مصحفی کا پورا نام کیا تھا ؟

(A) آصف ہمدانی
(B) غلام ہمدانی
(C) فائز ہمدانی
(D) ثاقب ہمدانی



by: BSEBResult.In

**B**

35. شامل نصاب مثنوی جذبۂ عشق کے شاعر کون تھے ؟

(A) مصحفی
(B) جرأت
(C) ناسخ
(D) آتش

36. مبارک عظیم آبادی اردو کے ساتھ کس زبان میں شاعری کرتے تھے ؟

(A) عربی
(B) ہندی
(C) فارسی
(D) انگریزی

by: BSEBResult.In

37. اردو شاعری میں مبارک کے استاد کون تھے ؟

(A) مومن
(B) داغ دہلوی
(C) آتش
(D) راسخ عظیم آبادی

38. احمد فراز بنیادی طور پر کس مزاج کے شاعر تھے ؟

(A) رومانی
(B) عرفانی
(C) حقیقت پسند
(D) اشتراکی



by: BSEBResult.In

B

39. حسن نعیم کا سلسلۂ نسب کس صحابی تک پہنچتا ہے ؟

(A) حضرت ابوبکرؓ
(B) حضرت عمر فاروقؓ
(C) حضرت عثمان غنیؓ
(D) حضرت علیؓ

40. نصاب میں شامل حسن نعیم کی پہلی غزل کتنے اشعار پر مشتمل ہے ؟

(A) پانچ
(B) چھ
(C) سات
(D) آٹھ

by: BSEBResult.In

41. قمر جہاں نے افسانہ نگاری کب سے شروع کیا ؟

(A) 1964ء
(B) 1965ء
(C) 1966ء
(D) 1967ء

42. 'آشیانہ' کس کی تخلیق ہے ؟

(A) قمر جہاں
(B) نگار عظیم
(C) سید محمد محسن
(D) شکیلہ اختر



by: BSEBResult.In

B

43. سراج اور عرفانہ کس افسانہ کے کردار ہیں ؟

(A) آشیانہ
(B) فرار
(C) بھابھی جان
(D) کٹی ہوئی شاخ

44. دھان کے کھیتوں اور گائے بھینس کے گوبر سے کون سی گیس بنتی ہے ؟

(A) میتھین گیس
(B) آنجرہ
(C) کاربن ڈائی آکسائڈ
(D) آکسیجن

45. بال وگیان کانگریس ہندوستان کے کس شہر میں منعقد ہوا ؟

(A) پونا
(B) شملہ
(C) دیماپور
(D) وشاکھاپٹنم

46. اردو نثر میں سادہ نثر نویسی کو کس نے رواج دیا ؟

(A) سرسید
(B) شبلی
(C) حالی
(D) نذیر احمد





by: BSEBResult.In

B

47. 'حیاتِ جاوید' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) شبلی
(B) حالی
(C) نذیر احمد
(D) محمد حسین آزاد

48. سرسید کہاں مدفون ہیں ؟

(A) دہلی
(B) علی گڑھ
(C) لکھنؤ
(D) حیدرآباد

by: BSEBResult.In

49. ڈاکٹر عبدالغنی کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

(A) پٹنہ
(B) گھر پر
(C) بنارس
(D) جہان آباد

50. نصاب میں شامل 'ادب کی پہچان' کیا ہے ؟

(A) افسانہ
(B) نظم
(C) مضمون
(D) انشائیہ



by: BSEBResult.In

51. ہمارے نصاب میں شامل کون سا مضمون بھیم راؤ امبیڈکر سے متعلق ہے ؟

(A) عالمی حدت (B) دریا

(C) ہندوستانی آئین کے معمار ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر (D) آریہ بھٹ اور ترنگا

52. بھیم راؤ امبیڈکر کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1890ء (B) 1891ء

(C) 1892ء (D) 1893ء

by: BSEBResult.In

53. سلور کنگ کس کا ڈرامہ ہے ؟

(A) امتیاز علی تاج (B) آغا حشر کشمیری

(C) محمد مجیب (D) حبیب تنویر

54. آغا حشر کشمیری کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) شاعری (B) ڈراما

(C) افسانہ (D) تنقید



by: BSEBResult.In

**B**

55. سورج گرہن کیسا واقعہ ہے ؟

(A) سائنسی (B) مذہبی

(C) جغرافیائی (D) تاریخی

56. چاند کس کا طواف کرتا ہے ؟

(A) زمین (B) سورج

(C) مشتری (D) عطارد

57. ناول 'توبۃ النصوح' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) نذیر احمد (B) شرر لکھنوی

(C) ہادی رسوا (D) سرشار

58. نذیر احمد نے کس کی تعلیم و تربیت کے لئے ناول لکھے ؟

(A) مسلمانوں کے (B) بیٹوں کے

(C) بیٹیوں کے (D) غریبوں کے



by: BSEBResult.In

**B**

59. اردو میں خطوط کا سلسلہ کس نے شروع کیا ؟

(A) میر تقی میر

(B) خواجہ میر درد

(C) مرزا غالب

(D) داغ دہلوی

60. غالب کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) دلی

(B) آگرہ

(C) فیض آباد

(D) لکھنؤ

by: BSEBResult.In

61. زمانہ کتنے طرح کے ہوتے ہیں ؟

(A) دو

(B) تین

(C) چار

(D) چھ

62. مہمل لفظ کسے کہتے ہیں ؟

(A) جس کا معنی ہو

(B) جس کا معنی نہیں ہو

(C) جس کا معنی آسان ہو

(D) جس کا معنی مشکل ہو



by: BSEBResult.In

D

63. ذیل میں الف مقصورہ کس لفظ میں ہے ؟

(A) اگر (B) آم

(C) آدمی (D) آدم

64. ذیل میں نون غنہ والے لفظ کی نشاندہی کیجئے

(A) آنگن (B) آمدنی

(C) فانی (D) رانی

by: BSEBResult.In

65. ایک حرف کو دو بار پڑھنے کی علامت کا کیا نام ہے ؟

(A) تنوین (B) مد

(C) تشدید (D) حرکات

66. درج ذیل میں سابقہ والے لفظ کی نشاندہی کیجئے

(A) باغبان (B) پاندان

(C) دکاندار (D) لاعلم



by: BSEBResult.In

67. درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے ؟

(A) نعت
(B) رحمت
(C) شہر
(D) قیامت

68. "تازہ ہوا" میں "ہوا" کیا ہے ؟

(A) موصوف
(B) صفت
(C) فعل
(D) ضمیر

by:BSEBResult.In

69. "عہد" کا ہم صوت لفظ کیا ہے ؟

(A) عرب
(B) ابد
(C) ارض
(D) عرض

70. ذیل میں اسم آلہ کی نشاندہی کیجئے

(A) ندی
(B) کتاب
(C) چاقو
(D) گھر



by:BSEBResult.In

B

71. پرویز شاہدی کی وفات کس بیماری سے ہوئی ؟

(A) پلیگ

(B) مرض تنفس

(C) ٹی بی

(D) سرطان

72. "تثلیث حیات" کس کا مجموعہ ہے ؟

(A) اختر الایمان

(B) پرویز شاہدی

(C) ندا فاضلی

(D) محمد جعفری

by: BSEBResult.In

73. نظم "بجلی کا کھمبا" کس طرح کی نظم ہے ؟

(A) پابند نظم

(B) نظم معری

(C) آزاد نظم

(D) ان میں سے کوئی نہیں

74. ندا فاضلی کی شہرت کس طرح کے شاعر کی ہے ؟

(A) غزل گو

(B) جدید نظم نگار

(C) مرثیہ نگار

(D) مثنوی نگار



by: BSEBResult.In

**B**

75. فلمی صنعت میں ندا فاضلی کس حیثیت سے وابستہ تھے ؟

(A) ناول نگار
(B) افسانہ نگار
(C) نغمہ نگار
(D) ان میں سے کوئی نہیں

76. 'مکھرا ؤنز' کیا ہے ؟

(A) مزاحیہ نظم
(B) مثنوی
(C) غزل
(D) رباعی

by: BSEBResult.In

77. سید محمد جعفری کا تعلق کس ملک سے ہے ؟

(A) ہندوستان
(B) ایران
(C) پاکستان
(D) بنگلہ دیش

78. جس نظم میں کسی مرنے والے پر غم کا اظہار کیا جائے اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) قصیدہ
(B) مرثیہ
(C) مثنوی
(D) غزل



by: BSEBResult.In

**B**

79. مرزا غالب کا لقب کیا تھا ؟

(A) مرزا نوشہ
(B) مرزا انشا
(C) مرزا فخرو
(D) ان میں سے کوئی نہیں

80. شامل نصاب نظم 'زہر عشق' کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے ؟

(A) مرثیہ
(B) مثنوی
(C) قصیدہ
(D) مسدس

by: BSEBResult.In

81. 'ابو حنیفہ' کس طرح کا نام ہے ؟

(A) لقب
(B) تخلص
(C) خطاب
(D) کنیت

82. ''ابو بکر روزانہ مدرسہ پڑھنے جاتا ہے۔'' اس جملہ میں 'ابو بکر' کیا ہے ؟

(A) اسم مفعول
(B) مضاف
(C) صفت
(D) اسم فاعل



by: BSEBResult.In

B

83. ذیل میں اسم مصغر کون ہے ؟

(A) کتاب (B) بانچہ

(C) ڈبا (D) کرسی

84. ذیل میں اسم ظرف کون ہے ؟

(A) اسکول (B) کتاب

(C) قلم (D) ٹوپی

by: BSEBResult.In

85. "دودن بعد امتحان ہوگا۔" یہ زمانہ کی کون سی قسم ہے ؟

(A) ماضی (B) مستقبل

(C) حال (D) ماضی تمنائی

86. 'ہسپتال' کیا ہے ؟

(A) اسم آلہ (B) صفت

(C) اسم ظرف (D) حاصل مصدر





by: BSEBResult.In

B

87. 'وکیل' کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) وکالت
(B) وکلاء
(C) مؤکل
(D) متوکل

88. بامعنی لفظ کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) کلمہ
(B) کلام
(C) کلیم
(D) کمال

by: BSEBResult.In

89. 'باطن' کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) بطن
(B) ظاہر
(C) باطنی
(D) ظاہری

90. کس فعل میں حال اور مستقبل دونوں پائے جاتے ہیں ؟

(A) حال
(B) ماضی
(C) مضارع
(D) مستقبل



by: BSEBResult.In

91. مکتوب شہباز میں بشریٰ کون تھی ؟

(A) بیٹی (B) بیوی

(C) ماں (D) بہن

92. شہباز کا پورا نام کیا تھا ؟

(A) عبدالشکور (B) عبدالودود

(C) محمد عبدالغفور (D) عبدالکریم

by: BSEBResult.In

93. مہدی افادی اردو اور انگریزی کے علاوہ کس زبان میں مہارت رکھتے تھے ؟

(A) ہندی (B) عربی

(C) فارسی (D) سنسکرت

94. مقبول احمد صمدانی، مہدی افادی کے کون تھے ؟

(A) دوست (B) بھائی

(C) والد (D) چچا



by: BSEBResult.In

95. فیاض رفعت کا تعلق کس شعبہ سے تھا ؟

(A) تدریس سے

(B) آل انڈیا ریڈیو سے

(C) صحافت سے

(D) تنقید سے

96. کسی خاص موضوع پر دو آدمی کی گفتگو کو کیا کہا جاتا ہے ؟

(A) مباحثہ

(B) مناظرہ

(C) انٹرویو

(D) سوال وجواب

by:BSEBResult.In

97. چکبست کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟

(A) انڈیا گیٹ

(B) ہم نوجواں ہیں

(C) مناظر فطرت/مناظر قدرت

(D) کھنڈرات



by:BSEBResult.In

**B**

98. دہرہ دون کس صوبہ کا صدر مقام ہے ؟

(A) اتر پردیش
(B) ہماچل پردیش
(C) اتراکھنڈ
(D) ہریانہ

99. جگن ناتھ آزاد کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟

(A) مناظر قدرت
(B) انڈیا گیٹ
(C) ہم نوجواں ہیں
(D) پرویز شاہدی

100. جگن ناتھ آزاد تقسیم ملک کے بعد دلی کب آئے ؟

(A) 1947ء
(B) 1948ء
(C) 1949ء
(D) 1950ء





by: BSEBResult.In

**B**

## SECTION - B

1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھئے : 10 × 10 = 10 × 1

(a) بڑھتی آبادی کا مسئلہ

(b) مولانا ابوالکلام آزاد

(c) موبائل فون

(d) ہمارا ملک

(e) تاج محل

by: BSEBResult.In

2. اپنے بڑے بھائی کو ایک خط لکھئے جس میں اپنے تعلیمی مستقبل کے بارے میں مشورہ طلب کیجئے۔ 5 × 1 = 5

یا

اپنے کالج کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے جس میں کتب خانہ میں بچوں سے متعلق ادبی کتاب دستیاب کرانے کی گزارش ہو۔

3. درج ذیل سوالات میں سے کسی دس (۱۰) سوالات کا جواب مختصر دیجئے : 10 × 2 = 20

(a) شبنم کمالی کے کسی ایک نعتیہ کلام کے مجموعے کا نام لکھئے۔



by: BSEBResult.In

(b) اردو کے کسی دو افسانہ نگار کا نام لکھیے۔

(c) قمر جہاں کے ایک افسانوی مجموعے کا نام لکھیے۔

(d) ریاکاری کا مطلب سرسید نے کیا بتایا ہے ؟

(e) سرسید کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

(f) بھیم راؤ کی شادی کس عمر میں اور کس سے ہوئی ؟

(g) لطف الرحمٰن کس پارٹی کے وزیر اور ایم ایل اے رہے ہیں ؟

(h) آریہ بھٹ نے کس سائنسداں کی رہنمائی کی تھی ؟

(i) نذیر احمد کے کسی دو ناول کا نام لکھیے۔

(j) شہباز نے شامل نصاب مکتوب میں جس بچی کو مخاطب کیا ہے۔ ان کا نام لکھیے۔

(k) انڈیا گیٹ کی تعمیر کس نے کی ؟

(l) کہانی 'انگریزیا بابو' کا مرکزی کردار کون ہے ؟

(m) ہندوستان کی آئین میں کتنی زبانیں شامل ہیں ؟

(n) اسم نکرہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔



by: BSEBResult.In

B

(o) نظم وارث شاہ کس زبان کی نظم ہے ؟

(p) فاعل کسے کہتے ہیں ؟ مع مثال سمجھائیں۔

(q) غزل عربی کے کس صنف شاعری سے ماخوذ ہے ؟

(r) احمد فراز اپنی موت سے کچھ دن قبل بہار کے کس شہر تشریف لائے تھے ؟

(s) ظفر گورکھپوری نے کن کن ملکوں کا دورہ کیا ؟

(t) غالب کا ایک شعر لکھئے۔

by: BSEBResult.In

4. درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین کا جواب دیجئے : 3 × 5 = 15

(a) مضمون نگاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ واضح کیجئے۔

(b) آر یہ بھٹ کے کارناموں پر دس جملے لکھئے۔

(c) چکبست کی نظم نگاری کا فنی جائزہ لیجئے۔

(d) نظم گھر اؤنڑ کا خلاصہ لکھئے۔

(e) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کی جمع لکھئے :

(i) ذکر (ii) حال (iii) نبی (iv) بیگم (v) سبق

(vi) حاکم (vii) مندر (viii) حرکت (ix) حد (x) مدرسہ



by: BSEBResult.In

**B**

(f) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے اضداد لکھئے :

(i) شہر

(ii) جنوب

(iii) خاص

(iv) مسرت

(v) خالق

(vi) فروخت

(vii) فتح

(viii) روزہ

(ix) شب

(x) مرد

बिहार बोर्ड से संबंधित सभी जानकारी, लेटेस्ट न्यूज़, प्रश्न पत्र, मॉडल पेपर, एडमिट कार्ड, रजिस्ट्रेशन कार्ड, परीक्षा तिथियां, आधिकारिक डायरेक्ट लिंक इत्यादि सबसे पहले पाने के लिए...

BSEBResult.In

विजिट करें।





by: BSEBResult.In